اللہ کی خاطر محبت کرنے والے کو یہ دعا دی جائے

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

اَحَبَّكَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ

ترجمہ :

تجھ سے وہ (اللہ تعالی) محبت فرمائے (جس کی خاطر) تونے مجھ سے محبت کی ۔

سنن ابوداؤد کی حدیث مبارک میں ہے : عن أنس بن مالك، أن رجلا كان عند النبي صلى اللہ عليه وسلم، فمر به رجل فقال: يا رسول اللہ، إني لأحب هذا، فقال له النبي صلى اللہ عليه وسلم: أعلمته؟ قال: لا، قال: أعلمه قال: فلحقه، فقال: إني أحبك في اللہ، فقال: اَحَبَّكَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا کہ وہاں سے ایک اور شخص کا گزر ہوا۔ اس (پہلے شخص) نے عرض کیا : یارسول اللہ! میں اس شخص سے محبت کرتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا : کیا تم نے اسے بتادیا ہے؟ اس نے عرض کیا : نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا : اسے بتادو۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ شخص اس کے پیچھے گیا اور اس سے کہا : میں تم سے اللہ کی خاطر محبت کرتا ہوں، تو اس شخص نے (جواب میں) یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھی۔ (سنن ابوداؤد، جلد4، صفحہ333، رقم الحدیث: 5125، مطبوعہ المکتبۃ العصریہ، بیروت)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net